


کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 16 شعبان 1447ھ 05 فروری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 213
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

## 25 ہزار سے زائد سرکاری آسامیوں کے اشتہارات جاری کر دیئے

### خالی آسامیوں پر آن لائن ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرایا جائیگا، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اسی سلسلے میں گزشتہ........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

# مشرقی ہمسایہ اور خوارج ترقی کے راہ میں رکاوٹ ہیں، وزیراعظم

## پاکستان نے اپنے دشمن کو ذلت آمیز شکست دی، کابینہ کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

# بلوچستان، جیلوں کی سیکورٹی سخت، وارڈنز کو جدید اسلحہ فراہم

## مستونگ و نوشکی جیل سے قیدیوں کے فرار کی تحقیقات شروع کر دی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی دو جیلوں پر دہشتگردوں کے حملوں کے بعد محکمہ جیل کے حکام نے دیگر جیلوں کی سیکورٹی سخت کر دی ہے، جیلوں کی سیکورٹی پر........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

# بلوچستان حملوں کی مذمت، دہشتگردوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، سلامتی کونسل کی متفقہ قرارداد

## دہشت گردی کیخلاف دنیا پاکستان سے تعاون کرے، اقوام متحدہ، افغانستان میں امریکی اسلحہ پاکستان کیلئے خطرہ بن گیا، امریکی نشریاتی ادارہ

واشنگٹن (م ڈ) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے انہیں "سنگین اور بزدلانہ دہشت گردی کی کارروائیاں" قرار دیا ہے۔ جاری کیے گئے ایک بیان میں سلامتی کونسل نے کہا کہ 31 جنوری 2026 کو بلوچستان بھر میں ہونے والے یہ حملے انتہائی قابل مذمت ہیں۔ یو این ایس سی نے حملوں میں جاں بحق افراد کے لواحقین، صوبے کے گورنر اور پاکستان کے عوام سے دلی ہمدردی........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

### اپوزیشن کیساتھ مذاکرات، صدر کو آن بورڈ لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے اپوزیشن سے مذاکراتی عمل کی بحالی کیلئے صدر مملکت کو بھی آن بورڈ لینے کا........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

### ملک بھر میں یوم یکجہتی کشمیر آج منایا جائے گا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری جمعرات کو منایا جائے گا۔ 5 فروری کو کشمیر ڈے کے موقع پر سیت........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

### عمران خان پر حملہ کرنیوالے ملزم کو مزید چار سال قید کی سزا کا حکم

وزیر آباد (م ڈ) وزیر آباد کی عدالت نے پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

## تشدد اور دہشتگردی کسی جواز کے تحت قبول نہیں، عاصم منیر، اداروں کی پیشہ وارانہ مہارت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش

# کسی بھی دہشتگرد اور اسکے سہولتکار کو نہیں بخشا جائیگا، فیلڈ مارشل

## سید عاصم منیر کا دورہ کوئٹہ، صوبے میں سکیورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ، فیلڈ مارشل نے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کے ہمراہ (سی ایم ایچ) میں زخمی اہلکاروں کی عیادت کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بدھ کو کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہیں صوبے میں موجودہ سیکورٹی........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر



فیلڈ مارشل عاصم منیر سی ایم ایچ میں زخمی اہلکار کی عیادت کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھی ہمراہ ہیں

### ماہ صیام کی آمد، ذخیرہ اندوز متحرک، آٹا مزید مہنگا

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

### پی آئی اے نے کرایوں میں خصوصی کمی کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی آئی اے کی جانب سے کرایوں میں........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

### ملک بھر میں یکم رمضان 19 فروری کو ہونے کی پیشگوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ موسمیات نے رمضان المبارک........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

## کوئٹہ سے اندرون ملک جانیوالی ٹرینیں بدستور معطل

### کراچی سے کوئٹہ کیلئے بولان میل 12 فروری تک معطل رہے گی

#### ٹرین سروس کی معطلی سے محکمہ ریلویز کو 30 لاکھ سے زائد کا نقصان ہو چکا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ ریلویز کی جانب سے پانچویں روز بھی کوئٹہ سے اندرون ملک اور چمن کے لئے ٹرین سروس معطل رہی کراچی سے کوئٹہ آنے اور جانے........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

### بسنت عمران خان کی وجہ سے منائی جا رہی ہے، علیمہ خان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ عمران خان........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

### ٹرمپ انتظامیہ نے مذاکرات عمان میں منعقد کرنے کی ایرانی درخواست منظور کر لی

اسلام آباد (م ڈ) ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

### پاکستانی عازمین حج کا لباس ایک ہی رکھنے کی تجویز

اسلام آباد (شاکر رحمان) سعودی وژن 2030 کے تحت آئندہ برسوں میں پاکستانی عازمین حج کا لباس ایک ہی رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ وزیر مذہبی امور نے اختیارات نہ ہونے کا پروپیگنڈا مسترد کر دیا، سینیٹ........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر



